## الطاف حسین نے ٹیلی فون پر عادل صدیقی کی عیادت کی

## حق پرست عوام عادل صدیقی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔6، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر عادل صدیقی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور لندن سے فون کرکے ان کی عیادت کی ۔اس موقع پر عادل صدیقی نے جناب الطاف حسین کو اپنی علالت کی تفصیل سے آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے عادل صدیقی کی خیریت دریافت کی اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر عادل صدیقی کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کریں۔واضح رہے کہ عادل صدیقی گزشتہ کئی دنوں سے شدید علیل ہیں اور علالت کے باعث مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## الطاف حسین کی سلامتی کیلئے لندن اور برمنگھم میں یاسلام کا ورد

لندن۔۔۔6، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی سلامتی، صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے ''یاسلامُ'' کا ورد کیا گیا۔یہ اجتماع ایم کیوایم برطانیہ کے آفس واقع ایجوئیر لندن میں ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد اشفاق، ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر جناب الطاف حسین کی سلامتی، صحت وعافیت اور درازی عمر کیلئے ''یاسلامُ'' کا ورد کیا گیا۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیوایم کے شہداء کے بلند درجات اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں ۔دریں اثناء ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے زیراہتمام بھی جناب الطاف حسین کی سلامتی، صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے ''یاسلامُ'' کا ورد کیا گیا جس میں ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے کارکن راؤ چراغ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔6، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اورنگی ٹاؤن یوسی فرید کالونی کے کارکن راؤ چراغ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم راؤ چراغ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان ریلوے یونٹ کے کارکن دلشاد سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹریفک حادثہ میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن ریلوے یونٹ کے کارکن دلشاد کی ہمشیرہ محترمہ علیشاہ اور بھانجی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔واضح رہے کہ لیبر ڈویژن پاکستان ریلوے یونٹ کے کارکن دلشاد کے اہل خانہ گزشتہ روز کلری جھیل جاتے ہوئے ٹریفک حادثے کا شکار ہوگئے تھے۔حادثہ کی اطلاع ملتے ہی جائے ایم کیوایم ٹھٹھہ کی زونل کمیٹی کے اراکین جائے حادثہ پر پہنچ گئے تھے۔

## حق پرست گروپ نے مختلف عوامی شکایات کی بنیاد پر گلبرگ ٹاؤن کے ٹاؤن نائب ناظم سہیل زیدی اور تین حق پرست یوسی ناظمین سے استعفےٰ لیکر ان کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کردیا

## یوسی ناظمین میں یوسی 4 کے ناظم طارق علی، یوسی 5 کے ناظم اشرف بی اور یوسی 7 کے ناظم قدیر پاشا شامل ہیں

## فرائض سے غفلت اور بدعنوانی کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کی جائے گی۔حق پرست گروپ

کراچی۔۔۔6، اگست 2007ء

حق پرست گروپ نے مختلف عوامی شکایات کی بنیاد پر گلبرگ ٹاؤن کے ٹاؤن نائب ناظم سہیل زیدی اور تین حق پرست یوسی ناظمین سے استعفےٰ لیکر انہیں فوری طور پر ان کی ذمہ داریوں سے سبکدوش کردیا ہے ۔ٹاؤن نائب ناظم سہیل زیدی کے علاوہ سبکدوش کئے جانے والے یوسی ناظمین میں یوسی 4 کے ناظم طارق علی، یوسی 5 کے ناظم اشرف بی اور یوسی 7 کے ناظم قدیر پاشا شامل ہیں ۔حق پرست گروپ نے تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین اور کونسلروں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی قسم کی غفلت اور لاپرواہی کا مظاہرہ نہ کریں اور عوام کی بلاامتیاز خدمت اور ان کے مسائل کے حل پر بھر پور توجہ دیں ۔حق پرست گروپ نے واضح الفاظ میں کہا کہ فرائض سے غفلت اور بدعنوانی کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کی جائے گی ۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کارکن اور پی آئی بی سیکٹرز کے کارکن کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔6، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اورنگی ٹاؤن یوسی فرید کالونی کے کارکن راؤ چراغ اور ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 55 کے کارکن محمد شارق حسین کی والدہ محترمہ رابعہ ابصار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

## الطاف حسین کی سلامتی کے خلاف سازش برداشت نہیں کی جائے گی، ایلڈرز ونگ

کراچی۔۔۔6، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ایلڈرز ونگ کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کے انکشاف پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت برطانیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جناب الطاف حسین کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کروڑوں عوام کے محبوب رہنما ہیں اور ان کی قیادت میں پاکستان کی ہر قومیت، برادری اور مذہب کے ماننے والے افراد اپنے اپنے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں اور جناب الطاف حسین کی سلامتی کے خلاف کوئی سازش برداشت نہیں کی جائے گی ۔انہوں نے کہا کہ ملک میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے محافظ جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے خوفزدہ ہیں اور وہ اپنے گھناؤنے مقاصد کی تکمیل کیلئے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ اگر سازشی عناصر نے جناب الطاف حسین کو ذرہ برابر بھی نقصان پہنچایا تو انہیں عوام کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑے گا ۔

☆☆☆☆☆